## سوال

(225) عورت کا اپنی نماز میں بلند آواز سے قرآءت کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے اپنی نماز میں اتنی بلند آواز سے قرآءت کرنا جائز ہے جو کہ سنی جائے؟ جبکہ یہ نماز بھی جہری قرآءت والی نہیں ہے بلکہ سنن رواتب (مؤکدہ) اور سری قرآءت والی نماز ہے اس سے اس کا مقصد ترتیل (ٹھہر ٹھہر کر) سے قرآن پڑھنا ہے تاکہ اس سے خشوع پیدا ہو اور وہ سہو ونسیان سے بچے اور اس کے پاس دیگر عورتیں اور مرد بھی نہیں ہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جہاں تک رات کی نماز کا تعلق ہے تو اس کے لیے نماز میں بلند آواز سے قرآءت کرنا جائز ہے خواہ وہ نماز فرض ہو یا نفل جب تک کہ اسے کوئی اجنبی مرد نہ سنے جس کے اس کی آواز سے فتنے میں بتلا ہونے کا ڈر ہو۔ لہٰذا جب وہ رات کی نماز ایسی جگہ ادا کرے جہاں اس کی آواز کوئی اجنبی مرد نہیں سن رہا تو وہ ظاہری قرآءت کر سکتی ہے مگر جب اس سے دوسروں کے تشویش میں پڑنے کا خدشہ ہو تو وہ سری آواز سے قرآءت کرے۔

رہی دن کی نماز تو اس میں وہ پست آواز سے ہی قرآءت کرے اس لیے کہ دن کی نماز سری ہوتی ہے اور اس میں اتنی آواز بلند کر سکتی ہے جو صرف اسی کو سنائی دے کیونکہ سنت کی مخالفت کی وجہ سے دن کی نماز میں جہری قرآءت کرنا مستحب نہیں ہے۔ (فضیلة الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 212

محدث فتویٰ